سات منزلوں پر مشتمل مکمل

الحزب الاعظم (مترجم)

قرآن وحدیث سے ماخوذ مستند دعاؤں کا مجموعہ

بروز ہفتہ

مولف: ملا علی قاری رحمہ اللہ

ترجمہ: مولانا سید بدر عالم میرٹھی

پیشکش: www.EislamicBook.com

جملہ حقوقِ کتابت کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت
بنام فرید بک ڈپو محفوظ ہیں۔

نام کتاب : الحزب الاعظم عکسی مترجم
ترجمہ : مولانا بدر عالم صاحب میرٹھیؒ
کتابت : مولانا محمد یوسف صاحب قاسمی
طباعت : ایس۔ایف پرنٹرز نئی دہلی
باہتمام : ناصر خان
ناشر : فرید بک ڈپو ۴۲۲ گلی مٹیا محل جامع مسجد دہلی ۶

ھدیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ

دعا مغزِ عبادت ہے

اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ

بیشک اللہ تعالیٰ کی رحمت قریب ہے نیک کام کرنے والوں کے

یہ اَمرِ مُسلّم ہے کہ دارین کی کامیابی اور حُصولِ راحت کے اَسبابِ متکثرہ میں صرف حُضوریِ دل کے ساتھ دُعا ہی ایک ایسی چیز ہے کہ جس کو فلاحِ دُنیا اور فلاحِ دین دونوں سے مساوی تعلّق ہے۔ دعا کی جامعیت اس کی عظمت کو ظاہر کر رہی ہے اسی لیے قرآن عظیم اور احادیث شریف میں دعاؤں کی ترغیب فضیلت اور تاکید بار بار وارد ہوئی ہے بعض خدا رسیدہ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ ہم نے جو کچھ پایا دعاؤں کی بدولت پایا اور اس کو ذہن نشین کر لیجئے کہ دعاؤں میں جو مرتبہ اور برکت اَدعیۂ ماثورہ کو حاصل ہے وہ محتاجِ بیان نہیں، کیونکہ جو دعائیں حق تعالیٰ شانہٗ نے بذریعہ وحیِ جلی خواہ قرآن مجید میں خواہ حدیثِ قدسی میں تعلیم فرمائی ہیں یا بالواسطہ وحیِ خفی اپنے مقبول پیغمبر حضور سرورِ کائنات جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ مبارک سے نکلوائیں یا بلاواسطہ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تربیت پائے ہوئے برگزیدہ جماعت حضرات صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ثابت ہوئیں وہ قبولیت میں ایسی ہیں جیسے خود حاکمِ اعلیٰ کی بتائی ہوئی درخواست کا مضمون حاکمِ اعلیٰ کے روبرو پیش کرنا جس کی منظوری میں تردّد ہی نہیں ہوتا ہے اس لیے حضرت علّامہ علی بن سلطان محمّد قاری رحمۃ اللہ علیہ کا مرتّب کیا ہوا اور سات

روزانہ منزلوں پر تقسیم کیا ہوا "حزب الاعظم" جو مجموعہ ہے ان تمام دعاؤں کا اور خزانہ ہے ان بے بہا جواہرات کا جو اکثر اولیاء کرام و اتقیائے عظام میں مقبول رہا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ دعائیں افضل و اکمل اور احسن و اجمل ہیں۔ اب اس کی تلاوت کو روزانہ کا معمول بنانا اس کے ایسے ترجمے اور معانی پر صمیم قلب کے ساتھ غور کرنا کہ جس میں دلبستگی ہے اور پھر پوری پختگی کے ساتھ عمل کرنا ہر خواندہ مسلمان کے ذمہ ہے اگر میری گزارشات پر ادنیٰ توجہ بھی دی گئی تو مجھے خدائے تعالیٰ کے فضل و کرم سے امید ہے کہ اس کا ہر عامل دارین میں فائز المرام ہوگا کیونکہ یہ مجموعہ شامل ہے تمام نجات دینے والی اشیاء کو اور محافظ ہے تمام ہلاک کرنے والی بلاؤں سے حضور سرور عالم محمد مصطفیٰ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی خصلتِ حمیدہ اور عاداتِ پسندیدہ ایسی نہیں چھوڑی جس کو اللہ جل شانہٗ وعم نوالہٗ سے مانگا نہ ہو اور کوئی فعل قبیح اور عادت ردی ایسی نہیں جس سے آپ نے پناہ نہ چاہی ہو، مجمل ہو یا مفصّل غرض ہر تعلیم اس میں موجود ہے پس یہی طریقہ ہے کمالِ اتباعِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا اور خلاصہ ہے ان مقاماتِ عُلیا کا جو منسوب ہیں مقرّب حضرات صوفیہ صفیہ کی جانب اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ (اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا معزز وہی ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے)

اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت کا امیدوار **ناصر خان**

فرید بک ڈپو ۴۲۲۔ متیا محل جامع مسجد دہلی ۶

ترجمہ
دیباچہ مُصنّف

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ دَعَانَا لِلْاِیْمَانِ وَھَدَانَا بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ الخ

اَمَّا بَعْدُ!

بندہ علی بن سُلطان محمد قاری ستر اللہ عیوبہما عرض پرداز ہے کہ جب بعض سالکینِ طریقت کو میں نے دیکھا کہ وہ معتبر مشائخ کے اوراد اور علماء کرام کے وظائف بڑے شوق و ذوق کے ساتھ پڑھتے ہیں حتیٰ کہ بعض تو "دعاء سیفی" اور "اربعین اسمی" کا بھی ورد رکھتے ہیں، ادھر بعض عوام کو دیکھا کہ وہ دعاءِ قدح جیسی دعا پڑھا کرتے ہیں اور اس کی ایسی اَسناد بیان کرتے ہیں جس کے موضوع اور مجروح ہونے میں ذرا بھی شُبہ نہیں ہے تو میرے دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ جو دُعائیں حدیث کی مشہور کتابوں میں مذکور ہیں وہ میں ایک جگہ جمع کر دوں جیسے "حصن حصین" مؤلفہ علامہ جزریؒ اور "الاذکار" مؤلفہ امام نوویؒ اور "الکلم الطیب" اور "الجامعین" اور "الدر" مؤلفہ امام سیوطیؒ اور "القول البدیع" مؤلفہ سخاویؒ اور ان کی ترتیب یہ رکھوں کہ سب سے پہلے

قرآن کریم کی دُعائیں لکھوں اور سب سے آخر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف کے کلمات رکھوں اور اپنے حق میں بھی دعا خیر کا اُمیدوار ہوں کیوں کہ کارِ خیر کا محرک بھی اس کے کرنے والے کی طرح ہوتا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ میری اس سعی کو مقبول فرمائے اور میرا ارادہ نیک رکھے اور دعا وثنا کے اس مجموعہ کو لوگوں کی زبانوں پر ہمیشہ جاری رکھے اور باطل پرستوں اور بے دینوں کی تحریف سے اس کو دور رکھے اور اس کا نام "الحزب الاعظم والورد الافخم" میں نے اس لیے تجویز کیا ہے کیونکہ ان دُعاؤں کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہے لہٰذا آپ ان کے الفاظ کا خوب خیال رکھیں، ان کے مَعانی پر پورا غور کریں اور ان کے مضامین پر عمل پیرا ہوں کیونکہ یہ مجموعہ ان تمام دُعاؤں پر مشتمل ہے جو آپ کو نجات دینے والی ہیں اور مہلکات سے بچانے والی ہیں کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی عُمدہ عادت اور اچھا طریقہ ایسا باقی نہیں چھوڑا جس کی دعا نہ فرمائی ہو، اور کوئی بُرا کام اور خراب خصلت ایسی باقی نہیں رکھی جس سے پناہ نہ مانگی ہو۔ اجمالی طور پر بھی اور تفصیلی طور پر بھی اور پھر اس کی تکمیل و تعلیم میں بھی کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں فرمایا۔ اللہ تعالیٰ آپ کے مراتب بلند سے بلند تر فرمائے۔ پس اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کا صحیح طریقہ اور صوفیائے کرام کے مقامات کا خلاصہ سمجھنا چاہیے۔ لہٰذا اگر آپ اس مجموعہ کو روز پڑھ لیا کریں جب تو کیا ہی کہنا

ورنہ جمعہ کو سہی، نہیں تو مہینے میں ایک بار، اگر یہ نہ ہو سکے تو پھر سال میں ایک بار تو ہو، اور اگر یہ بھی ممکن نہ ہو تو عمر بھر میں اگر ایک بار میسّر آجائے تو یہ بھی غنیمت ہے اور اگر عرفات کے میدان میں آپ کو اس کے پڑھنے کا موقع مل جائے تو اس میں یہ کلمات اور اضافہ فرمائیں :۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ ۔ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (ستوبار) سورۂ اخلاص (ستوبار) سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ (ستوبار)۔

اِس کے علاوہ دُعاؤں کے کلمات اور اپنی آہ وزاری کے درمیان تلبیہ کے الفاظ بھی پڑھتے رہیں تاکہ دُعائیں قبول ہوں۔

مُناجات

از مخدوم العالم حضرت مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی قدس سرہٗ

الٰہی صدقہ پیرانِ عُظّام
دمِ آخر ہو میرا نیک انجام
طفیلِ آل و اصحابِ سرافراز
ہو تیرا فضل ہر دم میرا دمساز

وہ قوّت بخش دے اے ربِّ عالم
کہ اپنے نفس پر قابو ہو ہر دم
بوقتِ نزع ہو کلمہ زباں پر
اُٹھوں نیکوں میں شامل روزِ محشر

غرض دونوں جہاں میں کر تو امداد
بحقِ ہر ہمہ عبّاد و زُہّاد

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے

اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّلُ فِیْ یَوْمِ السَّبْتِ

اوّل منزلِ ہفتہ کی (یعنی سنیچر کی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بے انتہا مہربان نہایت رحم والا

يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا

قیامت کے دن کا حاکم ہے۔ ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد کے طلبگار ہیں اے

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ

پروردگار) ہم کو سیدھا راستہ بتادے۔ راستہ ان کا جن پر تو نے فضل فرمایا

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ع (اٰمِيْن)

جن پر نہ تیرا غصہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔ آمین

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ

پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کی اس بات سے کہ میں جاہلوں میں سے ہوؤں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۖ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○ وَتُبْ

اے ہمارے رب تو ہم سے ہمارے عملوں کو قبول فرما لے، بیشک تو سننے والا اور جاننے والا ہے اور ہماری

عَلَيْنَا ۚ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ○ رَبَّنَا وَآتِنَا فِي

توبہ قبول فرما، بے شبہ تو ہی توبہ قبول کرنیوالا اور رحم کرنیوالا ہے۔ اے ہمارے پروردگار

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ

ہمیں دُنیا میں بھی نیکی عطا فرما اور آخرت میں بھی نیکی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب

النَّارِ ○ رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَ

سے بچا۔ ہمارے پروردگار ہمارے دلوں میں صبر ڈال دے اور ہمارے قدم جمائے رکھ اور

انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ○ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ق

ان کافروں کے مقابلہ پر ہماری مدد فرما۔ ہم نے سُنا اور مانا، تیری ہی

غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ○ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا

بخشش مانگتے ہیں، پروردگار آخر تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ پروردگار ہماری پکڑ نہ فرما

إِنْ نَسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا

اگر ہم بھولیں یا چوک جائیں۔ پروردگار اور ہم پر ایسے سخت احکام کا بار نہ ڈال

كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا

جیسا ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، ہمارے پروردگار وہ بار ہم سے نہ اٹھوا جس کی ہم میں

مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَ

طاقت نہ ہو اور ہم سے درگذر فرما اور ہمیں بخش دے ، اور ہم پر

ارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

رحم فرما ، تو ہی ہمارا مولیٰ ہے اور کافروں پر ہم کو غالب رکھ

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ

ہمارے پروردگار ہمارے دلوں کو ہدایت پھر کہیں ڈانوا ڈول نہ کر دینا اور ہم کو

لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَآ اِنَّكَ

اپنے پاس سے رحمت عطا فرما ، بیشک تو ہی بڑا دینے والا ہے ۔ ہمارے پروردگار بے شبہ

جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا

تو لوگوں کو ایک دن جس کے آنے میں کوئی شک و شبہ نہیں ضرور جمع کرے گا بے شبہ اللہ تعالیٰ

يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

وعدہ کے خلاف نہیں کرتا ۔ ہمارے پروردگار ہم تجھ پر ایمان لا چکے ہیں ہمارے گناہ بخش دے

وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ

اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے ۔ تو کہدے یا اللہ سلطنت کے مالک

تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ

تو سلطنت دیدے جس کو چاہے اور سلطنت چھین لے جس سے

تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۖ بِيَدِكَ

چاہے اور عزت دے دے جس کو چاہے اور ذلیل کردے جس کو چاہے سب

الْخَيْرُ ۖ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ

خوبی تیرے ہاتھ ہے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو داخل کرتا ہے

فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۚ وَتُخْرِجُ

رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں (یعنی کبھی رات کو گھٹا کر دن کو بڑھا دیتا ہے

الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَىِّ ۚ وَ

اور کبھی اس کا عکس کرتا ہے) اور تو نکالتا ہے زندہ مُردہ سے اور مردہ زندہ سے (جیسے مرغی بیضہ سے اور بیضہ

تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ رَبِّ هَبْ لِىْ مِنْ

مرغی سے) اور جس کو چاہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ اے میرے رب مجھ کو

لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۝

اپنی بارگاہ سے پاکیزہ اولاد عنایت فرما، بے شک تو دُعا کا سُننے والا ہے

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ

اے ہمارے پروردگار ہم نے یقین کیا اس چیز کا جو تو نے اتاری اور ہم رسول کے تابع ہوئے سو ہمکو ماننے والوں

الشّٰهِدِيْنَ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا

(کی جماعت) میں لکھ لے۔ اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخش اور ہمارے کام میں ہم سے

فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

جو زیادتی ہوگئی ہے (اسے بھی بخشدے) اور ہمارے قدم جمائے رکھ اور کفار کے مقابلہ پر

الْكٰفِرِيْنَ ○ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ

ہماری مدد فرما۔ اے ہمارے رب تو نے یہ (کارخانہ) عبث نہیں بنایا تو (سب عیبوں سے)

فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ

پاک ہے سو ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچالے، اے ہمارے رب جسکو تونے دوزخ میں ڈالا

فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ○ رَبَّنَآ

سو اس کو رسوا کردیا، اور (وہاں) گنہگاروں کا کوئی مددگار نہیں، اے رب

اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا

ہمارے ہم نے سُنا کہ ایک پکارنے والا ایمان (لانے) کیلئے پکارتا ہے کہ (لوگو) اپنے رب پر ایمان لاؤ

بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ؗ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا

تو ہم ایمان لے آئے، اے ہمارے رب ہمارے گناہ بخشدے اور ہماری برائیاں ہم سے دور فرمادے

سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ○ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا

(اور جب دنیا سے اٹھانا ہو) تو نیک بندوں میں شامل فرما کر دنیا سے اٹھائے، اے ہمارے رب تونے ہم سے جو

وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ

وعدے اپنے رسولوں کی معرفت کئے ہیں وہ نصیب فرما، اور قیامت کے دن ہم کو رسوا نہ کر، بے شک

لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ

تو وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔ اے ہمارے رب اس بستی سے جس کے رہنے والے ہم پر

الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّ

ظلم کرتے ہیں، ہم کو نجات دے اور اپنی طرف سے ہمارا کوئی حامی کھڑا کر دے اور

اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ○ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا

اپنی (ہی) طرف سے کسی کو ہمارا مددگار بنا دے۔ اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان

مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا

سے ایک (بھرا ہوا) خوان اُتار کہ وہ (دن) عید ہو ہمارے پہلوں اور پچھلوں کے لئے

وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○

اور تیری طرف سے نشانی (ہو) اور ہم کو روزی دے، اور تو (ہی) سب سے بہتر روزی دینے والا ہے۔

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ○ وَنَطْمَعُ اَنْ

اے ہمارے پروردگار ہم نے مانا تجھکو پس تو ہمکو تصدیق کرنیوالوں کیساتھ لکھدے۔ اور ہم اس کے

يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ○ رَبَّنَا لَا

امیدوار ہیں کہ ہمکو ہمارا پروردگار نیک لوگوں میں شامل فرمادے۔ اے ہمارے

تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ

رب ہم کو ظالم لوگوں میں شامل نہ فرما۔ تو (ہی) ہمارا کارساز ہے

لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ○ وَاكْتُبْ لَنَا

پس ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم فرما اؤ تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے ۔ اور ہمارے لئے

فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَا

اس دُنیا میں اور آخرت میں بھلائی لکھ دے تحقیق ہم نے رجوع کیا

اِلَيْكَ ط رَبَّنَا اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ط وَمَا

تیری طرف ۔ اے ہمارے پروردگار یقیناً تو جانتا ہے جو کچھ ہم چھپا کر (کرتے) ہیں اور جو

يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ ○

دکھا کر (کرتے) ہیں اور اللہ تعالیٰ پر کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے نہ زمین میں اور نہ آسمان میں

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سكتة وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

اے ہمارے پروردگار ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو ہم کو نہ بخشے اور ہم پر

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ

رحم نہ فرمائے تو ہم ضرور تباہ ہو جائینگے ۔ اے ہمارے پروردگار تو ہم میں اور

بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○ رَبَّنَآ

ہماری قوم میں انصاف کیساتھ فیصلہ فرمادے اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے اے ہمارے رب

اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ○ رَبِّ

ہم پر صبر کے دہانے کھولدے اور ہمکو مسلمان مار ۔ اے رب

اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ

معاف کر مجھ کو اور میرے بھائی کو اور ہم کو اپنی رحمت میں لے لے اور تو سب سے

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا

زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا اے رب ہمارے ہم پر اس ظالم قوم کا زور نہ

تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ

آزما (یعنی ہمکو ان کے ظلم کا تختہ مشق نہ بنا کہیں ہمارا دین خطرہ میں نہ پڑ جائے) اور مہربانی فرما کر

مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ

ان کافر لوگوں سے ہمکو چھڑا دے۔ اے رب میں تیری پناہ لیتا ہوں

اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَ

کہ میں تجھ سے پوچھوں تجھ سے ایسی بات جس کا مجھ کو علم نہ ہو اور اگر تو مجھ کو نہ

تَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ

بخشے اور رحم نہ فرمائے تو میں نقصان والوں میں ہوں گا۔ اے پیدا کرنے والے آسمان

وَالْاَرْضِ ڰ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ

اور زمین کے، تو ہی میرا کارساز ہے دنیا اور آخرت میں

تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ اِنَّ

مجھ کو اسلام پر موت دے اور مجھ کو نیک بختوں میں ملا دے۔ بے شک

رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ○ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ

میرا رب سُنتا ہے دُعا کو اے رب مجھ کو نماز کا قائم رکھنے والا بنا دے

وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ رَبَّنَا

اور میری اولاد میں سے بھی ۔ اے رب میری دُعا قبول فرما اے ہمارے رب

اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ

مجھکو بخش اور میرے ماں باپ کو بخش اور سب ایمان والوں کو اُس دن جبکہ

الْحِسَابُ ○ رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ○

حساب ہو۔ اے رب ان پر رحم فرما جیسا پالا انھوں نے مجھ کو چھوٹا (سا)

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ

اے رب داخل کر مجھکو سچا داخل کرنا (یعنی مدینہ طیبہ میں آبرو اور خوش اسلوبی سے پہنچانا) اور نکال مجھ کو

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ○

سچا نکالنا (یعنی مکہ مکرمہ سے آبرو سے نکلوں) اور اپنے پاس سے مجھکو حکومت کی مدد عنایت فرما (یعنی غلبہ و

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَیِّئْ لَنَا مِنْ

تسلط عنایت فرما جس کے ساتھ تیری مدد ہو) اے رب ہمکو اپنے پاس سے بخشش دے اور ہمارے کام کی

اَمْرِنَا رَشَدًا ○ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ○ وَیَسِّرْ لِیْ

درستی پوری کر دے۔ اے رب میرا سینہ کشادہ کر دے اور میرا کام آسان

أَمْرِي ○ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ○ رَبِّ أَنِّي مَسَّنِيَ

فرمادے۔ اے رب میری سمجھ زیادہ کر۔ اے رب مجھ پر تکلیف

الضُّرُّ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ○ لَا إِلَٰهَ إِلَّا

آپڑی ہے اور تو سب رحم کرنیوالوں سے بڑھکر رحم والا ہے۔ (اے اللہ) کوئی حاکم

أَنتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ الظَّالِمِينَ ○ رَبِّ لَا

نہیں سوائے تیرے، تیری ذات پاک ہے میں ہی تھا گنہگاروں میں سے۔ اے میرے

تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ ○ رَبِّ

رب نہ چھوڑ مجھ کو اکیلا اور تو ہے سب سے بہتر وارث۔ اے میرے رب

احْكُم بِالْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا الرَّحْمَٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ

فیصلہ فرما حق کے موافق، اور ہمارا رب بڑا مہربان ہے جس سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد چاہی

مَا تَصِفُونَ ○ رَبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ

جاتی ہے جو تم بنایا کرتے ہو اے میرے رب اتار مجھ کو برکت کا اتارنا اور تو ہی سب سے

خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ○ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِي فِي

بہتر اتارنے والا ہے۔ اے میرے رب تو مجھ کو گنہگار لوگوں

الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ○ رَبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ

میں شامل نہ کیجیو۔ اے میرے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطان

الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝ رَبَّنَآ

کی چھیڑ سے۔ اور میرے رب میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے بھی کہ شیطان میرے پاس آویں اے ہمارے

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ ج صلے

رب ہم ایمان لے آئے سو تو ہمکو بخشدے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب رحم کرنیوالوں سے بڑھکر رحم کرنیوالا ہے۔

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ رَبَّنَا

اے میرے رب معاف فرما اور رحم کر اور تو سب رحم کرنے والوں سے بڑھکر ہے۔ اے ہمارے

اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ صلے اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ

رب ہٹادے ہم سے دوزخ کے عذاب کو، بے شک اس کا عذاب تو چمٹنے

غَرَامًا ۝ قصلے اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۝ رَبَّنَا

والا ہے۔ بلاشبہ وہ بُری جگہ ہے ٹھہرنے کی اور (بُری جگہ ہے) رہنے کی۔ اے ہمارے رب

هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ

عنایت فرما ہمکو ہماری بیویوں کی طرف سے اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر ہمکو پرہیزگاروں

اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا

کا پیشوا (یہ اپنے خاندان کے متقی ہونیکی درخواست ہے) اے میرے رب مجھ کو حکم (یعنی مزید

وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ

علم وحکمت) عطا فرما اور نیکوں میں شامل کر۔ اور میرا بول بچا رکھ پچھلوں (یعنی

صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ۝ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ

آئندہ آنے والی نسلوں میں) اور مجھکو جنّت النعیم (باغ نعمت) کے وارثوں

جَنَّةِ النَّعِيْمِ ۝ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ

میں سے کر دے۔ اور میرے باپ کو معاف کر بلاشبہ وہ راہ بھٹکے ہوئے لوگوں

الضَّآلِّيْنَ ۝ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝ يَوْمَ

میں تھے۔ اور مجھکو اس روز کہ جب سب جی اٹھیں گے رُسوا نہ فرمانا جس دن نہ کام

لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ۝ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ

آئیگا مال اور نہ بیٹے۔ مگر ہاں جو کوئی لیکر آیا اللہ کے پاس پاک صاف دل (یعنی بس اسکی نجات ہے جس کا دل

سَلِيْمٍ ۝ رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝ رَبِّ

کفر و شرک اور معاصی کے کھوٹ سے اغدار نہ ہو) اے میرے رب نجات دے مجھکو اور میرے گھر والوں کو ان کاموں سے جو یہ کرتے ہیں۔ اے میرے

اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ۝ صلے فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا

رب میری قوم نے تو مجھے جھٹلایا۔ تو اب میرے اور ان کے مابین ایک فیصلہ فرما دے

وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ

اور نجات دے مجھکو اور ان ایمان والوں کو جو میرے ساتھ ہیں۔ اے میرے رب مجھے

اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ

توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر بجالاؤں جو تو نے مجھے اور میرے باپ کو عطا کی ہے اور یہ

وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ

کہ میں نیک عمل کروں جو تو پسند کرے اور شامل کرلے مجھ کو اپنی رحمت

فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ

سے اپنے نیک بندوں میں۔ اے میرے رب میں نے ظلم کیا

نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ۔ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ

اپنی جان پر سو تو مجھ کو معاف فرمادے، اے میرے رب بچالے مجھکو اس بے

الظّٰلِمِيْنَ ○ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ

انصاف قوم سے۔ اے میرے رب جو خیر بھی میری طرف نازل فرمائے میں اس کا

فَقِيْرٌ ○ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ○

محتاج ہوں۔ اے میرے رب ان شریر لوگوں کے خلاف میری مدد فرما۔

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○

سو پاک اللہ کی یاد کرو جب شام کرو اور جب صبح کرو

وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّ

اور اسی کے واسطے ہے سب تعریف آسمانوں اور زمین میں اور پچھلے وقت اور

حِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ

جب دوپہر ہو۔ وہی نکالتا ہے زندہ کو مُردہ سے اور

يُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ

وہی نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور زندگی بخشتا ہے زمین کو اُس پر مُردنی

مَوْتِهَا ۭ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ

آجانے کے بعد اور اسی طرح تم نکالے جاؤ گے۔ اے میرے رب بخش مجھ کو کوئی

مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ

نیک (بیٹا) اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور

الْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ

زمین کے جاننے والے چھپے اور کھُلے کے تو ہی فیصلہ فرمائے

بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ رَبَّنَا

گا اپنے بندوں میں جس چیز میں وہ جھگڑتے تھے۔ اے ہمارے

وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ

رب تیری رحمت اور علم میں ہر چیز کی سمائی ہے سو تو بخش دے ان لوگوں کو جو توبہ

تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ○

کریں اور تیری راہ پر چلیں اور ان کو دوزخ کے عذاب سے بچالے۔

رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَ

اے ہمارے رب اور ان کو داخل کر ہمیشہ رہنے کی بہشتوں میں جن کا تو نے ان سے وعدہ

مَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ

فرمایا ہے اور ان کے ماں باپ اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے جو کوئی

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَ

نیک ہو اسکو بھی بیشک تو ہی ہے زبردست حکمت والا ، اور بچا ان کو برائیوں سے اور

مَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ ؕ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ

جس کو بچایا تو نے برائیوں سے اس دن اس پر تو نے بلاشبہ مہربانی فرمائی

هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ

اور یہی تو ہے بڑی کامیابی۔ اے میرے رب مجھے توفیق دے کہ میں شکر

نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ

کروں تیرے احسان کا جو تو نے مجھ پر کیا اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ میں وہ

اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ

نیک کام کروں جس سے تو راضی ہو اور میرے لئے میری اولاد میں بھی اصلاح فرمادے

اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ رَبَّنَا

بیشک میں نے توبہ کی تیری طرف اور بلاشبہ میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ اے ہمارے

اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

رب بخشدے ہم کو اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لاچکے ہیں

وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا

اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں بیر ایمان والوں کے لئے، اے ہمارے رب

إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ○ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا

تو ہی ہے نرمی والا بڑا مہربان۔ اے ہمارے رب ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا

وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ○ رَبَّنَا لَا

اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف سب کو پھر کر آنا ہے۔ اے ہمارے رب

تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِينَ كَفَرُوا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ

مت جانچ ہم پر کافروں کو (یعنی ہمیں ان کا تختۂ مشق نہ بنا) اور اے ہمارے رب ہمیں

إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ رَبَّنَا أَتْمِمْ لَنَا

معاف فرمادے بلاشبہ تو ہی زبردست حکمت والا ہے۔ اے ہمارے رب پورا کردے

نُورَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

ہمارے لئے ہمارے نور کو اور معاف کردے ہمکو بے شک تو سب کچھ کرسکتا ہے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ

اے میرے پروردگار مجھ کو بخشدے اور میرے ماں باپ کو اور اس کو بھی جو ایمان

مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۖ

لاکر میرے گھر میں آئے اور سب باایمان مردوں اور عورتوں کو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام کے ساتھ جو نہایت رحم والا مہربان ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ

کہہ دو میں پناہ لیتا ہوں صبح کی سفیدی کے رب کی اسکی تمام مخلوقات کے شر سے اور

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

رات کے اندھیرے کے شر سے جب چھا جائے۔ اور گنڈوں پر پھونکنے والیوں

فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ع

کے شر سے۔ اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام کے ساتھ جو نہایت رحم والا مہربان ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ

کہہ دو میں پناہ لیتا ہوں تمام انسانوں کے رب کی تمام انسانوں کے بادشاہ کی تمام

النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ

انسانوں کے معبود کی اس شیطان کے شر سے جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالے اور چھپ

یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ع

جائے خواہ جنوں میں سے ہو یا آدمیوں میں سے۔

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلٰمٌ وَاٰخِرُ

اے اللہ تو پاک ہے (اور بے عیب ہے) اور اہل جنت کا جنت میں ملاقات کے وقت سلام یہ ہوگا۔ تم پر

دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

سلامتی ہو اور انکی آخری پکار یہ ہوگی کہ سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا.
وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا مَّنْ اَحْصٰهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ وَفِيْ رِوَايَةٍ مَّنْ حَفِظَهَا ۞

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اچھے (اچھے) نام ہیں سو تم اسکو ان (ہی ناموں) سے پکارو اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ کے لئے ننانوے نام ہیں جو ان کو یاد کرلے وہ جنت میں جائے گا اور ایک روایت میں (مَنْ اَحْصَاهَا) کی بجائے مَنْ حَفِظَهَا (کا لفظ) ہے۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وہی اللہ ہے جسکے سوا کوئی معبود نہیں

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

نہایت رحم والا بہت مہربان بادشاہ پاک

السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ

سلامتی دینے والا امن دینے والا محافظ غالب

الْجَبَّارُ	الْمُتَكَبِّرُ	الْخَالِقُ	الْبَارِئُ
زبردست	بڑائی والا	پیدا کرنے والا	بنانے والا
الْمُصَوِّرُ	الْغَفَّارُ	الْقَهَّارُ	الْوَهَّابُ
صورت بنانے والا	بہت بخشنے والا	زور والا	بڑا دینے والا
الرَّزَّاقُ	الْفَتَّاحُ	الْعَلِيْمُ	الْقَابِضُ
روزی دینے والا	فیصلہ کرنے والا	جاننے والا	بند کرنے والا
الْبَاسِطُ	الْخَافِضُ	الرَّافِعُ	الْمُعِزُّ
کھولنے والا	پست کرنے والا	اُونچا کرنے والا	عزت دینے والا
الْمُذِلُّ	السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ	الْحَكَمُ
ذلت دینے والا	سُننے والا	دیکھنے والا	فیصلہ کرنے والا
الْعَدْلُ	اللَّطِيْفُ	الْخَبِيْرُ	الْحَلِيْمُ
منصف	باریک داں	خبردار	بُردبار
الْعَظِيْمُ	الْغَفُوْرُ	الشَّكُوْرُ	الْعَلِيُّ
بزرگ	پردہ پوش	قدرداں	بلند
الْكَبِيْرُ	الْحَفِيْظُ	الْمُقِيْتُ	الْحَسِيْبُ
بڑا	نگہبان	حصہ بانٹ کر دینے والا	کافی

الْجَلِيلُ	الْكَرِيمُ	الرَّقِيبُ	الْمُجِيبُ
عظیم الشان	کرم کرنے والا	نگہبان	قبول کرنے والا
